37828-سابقہ ماہوارے کے ہفتہ بعد دوبارہ ماہواری شروع ہوگئی

سوال

مانع حمل گولیاں استعمال کیں لیکن انہیں صحیح طور پر استعمال نہ کرسکی جس کی وجہ سے سابقہ ماہواری کے ایک ہفتہ بعد پھر ماہواری کا خون شروع ہوگیا، توکیا اس کا بھی عادی ماہواری جیسا ہی ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں اس کا حکم بھی عادتا آنے والی ماہواری جیسا ہی ہوگا، کیونکہ عورت سے خارج ہونے والا خون اصل میں حیض کا ہی ہوتا جب تک کہ استحاضہ کا خون ظاہر نہ ہوجائے ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا :

ایک عورت کو پہلی ماہواری کے نودن بعد دوبارہ ماہواری کا خون آنا شروع ہوگیا تو اس کا حکم کیا ہوگا ؟

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

جب بھی حیض کا خون آئے تووہ حیض ہی شمار ہوگا، چاہے اس کی درمیانی مدت کم ہو یا زیادہ، لھذا جب عورت حیض کے پانچ یا چھ یا پھر دس دن بعد دوبارہ خون آجائے تووہ نماز ترک کردے گی کیونکہ یہ حیض ہی ہے، اوراسی طرح جب بھی اسے حیض آئے وہ نماز نہیں پڑھے گی ۔ اھ

دیکھیں : فتاوی المراۃ المسلمۃ (79/1)

واللہ اعلم .